© rasailojaraid.com

# انتخاب

## ذبیحۂ اہلِ مغرب

[ ہندوستان کے جلیل القدر عالمِ دین مولانا سعید احمد صاحب اکبر آبادی آج کل میکگل یونیورسٹی میں علومِ اسلامیہ پر درس دے رہے ہیں۔ وہاں کے دورانِ قیام کے تجربات و تاثرات کو مولانا موصوف اپنے موقر رسالہ "برہان" (دہلی) میں بالاقساط شائع فرما رہے ہیں۔ اس دلچسپ اور بصیرت افروز سفرنامہ کا ایک اقتباس نذرِ قارئین ہے۔ ]

امریکہ اور کناڈا میں دو قسم کا گوشت ملتا ہے، ایک تو وہی عام گوشت جسے (MEAT) کہتے ہیں یہ عیسائیوں کا "ذبیحہ" ہوتا ہے اور اس کے مقابل جو یہودیوں کا ذبیحہ ہوتا ہے وہ کوشر کہلاتا ہے، یہودی اس باب میں بڑے کٹر اور جامد ہوتے ہیں، اپنے ذبیحہ کے علاوہ کسی اور ذبیحہ کو جائز نہیں سمجھتے، لیکن جہاں تک طریقۂ ذبح کا تعلق ہے جو مسلمانوں کے عام رواج کے برخلاف ایک مکینکل طریقہ ہے وہ ہر جگہ یکساں ہے اور اس لحاظ سے عیسائیوں کے ذبیحہ اور یہودیوں کے ذبیحہ میں کوئی فرق نہیں، البتہ فرق صرف اس قدر ہے کہ مذبح میں جب یہودی جانور ذبح کرتے ہیں تو ان کا ایک مذہبی شخص اگر ان جانوروں پر کچھ پڑھ دیتا ہے، اور ملکوں میں بڑے بڑے متقی مسلمانوں کو میں نے دیکھا ہے کہ کوشر بڑی بے تکلفی

© rasailojaraid.com

